پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	دسمبر 2018

پرچہ : طریقۂ تدریس طبیعیاتی سائنس

Paper - BBED124DST : Pedagogy of School Subject : Physical Science

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks — Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) $E=mc^2$ فارمولہ میں ' c ' کس مقدار کو اشارہ کرتا ہے؟
(a) نوری رفتار (b) نوری توانائی
(c) کمیت (d) قوت

(ii) کاپرنیکس کو مندرجہ ذیل کس مضمون سے خصوصی منسوب کیا جاتا ہے؟
(a) علم ریاضی (b) علم طب
(c) فلکیات (d) معاشیات

(iii) C. V. Raman کو نوبل انعام کس مضمون پر تحقیق کے لیے دیا گیا تھا؟
(a) علم کیمیا (b) علم طبیعات
(c) علم ریاضی (d) فلسفہ

(iv) مندرجہ ذیل میں کون سائنس کی پیداوار ہے؟
(a) مشاہدہ (b) تجزیہ
(c) تصور (d) ترکیب

(v) طبعیاتی سائنس مطالعہ کرتا ہے؟
(a) عناصر کا (b) علاقہ کا
(c) انسانی جسم کا (d) زندگی کا

(vi) منصوبہ سبق تیار کرنے میں ہاربرٹ نے کل کتنے رسمی مراحل (steps) تجویز کیا ہے؟
(a) ۵ (b) ۷
(c) ۴ (d) ۶

P.T.O.

(vii) مندرجہ ذیل کس ماہر نفسیات کا تعلق باہمی تعاون آموزش سے براہ راست ہے؟

(a) اسکینر (b) آسبیل

(c) وائی گاٹسکی (d) پاولوو

(viii) Concept Attainment ماڈل کا تعلق کس ماہر نفسیات سے ہے؟

(a) آسبیل (b) جوائس

(c) آسٹین (d) کسی سے بھی نہیں

(ix) H.O.T.S کا تعلق کس سے ہے؟

(a) سوال کی سطح سے (b) تعلیمی مواد سے

(c) طریقۂ تدریس سے (d) کسی سے بھی نہیں

(x) خورد تدریس کیا ہے؟

(a) اصل تدریس (b) کم وقفہ کی تدریس

(c) تربیت کی تکنیک (d) تدریس کا طریقہ

حصہ دوم

2. طبعیاتی سائنس کی آموزشی اقداروں کو بیان کریں؟

3. طبعیاتی سائنس کی نوعیت مثال کے ساتھ بیان کریں؟

4. نیوٹن کی سائنسی خدمات پر روشنی ڈالیں؟

5. انسانی زندگی میں طبعیاتی سائنس کی اہمیت بیان کریں؟

6. طبعیاتی سائنس کی تدریس کے مقاصد کی اہمیت بیان کریں؟

7. درجۂ نویں کے عنوان 'توانائی' کی تدریس کے خصوصی مقاصد طلبہ کے رویہ کی اصطلاح میں لکھیں؟

8. Problem Solving Method کی خوبیاں اور خامیاں بیان کیجئے۔

9. سائنس کی تدریس کے لیے اکائی منصوبہ بندی کا معنی اور اہمیت بیان کریں؟

حصہ سوم

10. نویں درجہ کے طبعیاتی سائنس کے کسی عنوان کی تدریس کے لیے منصوبہ سبق تیار کریں؟

11. طبعیاتی سائنس کی تدریس کا لیکچر مع مظاہراتی طریقہ پر نوٹ لکھیں؟

12. طبعیاتی سائنس اور دیگر اسکولی مضامین کے مابین ہم رشتگی پر روشنی ڈالیں؟

13. بھارت میں سائنس اور ٹکنالوجی کی ارتقاء کے حالات بیان کریں؟

14. طبعیاتی سائنس کی تدریس کے خصوصی Behavioural Objectives پر نوٹ لکھیں؟

☆☆☆